1000/16/1/64

نگینہ فلمز کا

دولہا دلہن

दूल्हा दुल्हन

اداکاران: راجکپور - سادھنا - اوں - وغیرہ

سینما بکڈپو کھاری باؤلی دہلی ۶

دُولہا دُلہن کے گانے

گانا نمبر ۱۔ مجھے کہتے ہیں کلّو قوّال۔ تیرا میرا ساتھ رہے گا
میں ہوں ٹھمری تو تو ہے تیرا میرا ساتھ رہے گا۔
راجہ میں گیتوں کا تو سُر کی رانی، گا کے سنائیں ہم اپنی کہانی
تو میرے گیتوں کی ہے زندگانی، تیرے گیتوں میں ہے وہ کمال کلّو
تو بتا اپنی منزل کہاں ہے۔ حسن و محبت کا سنگم جہاں ہے
بس اپنی منزل وہی آشیاں ہے، میری آنکھوں میں آنکھیں تو ڈال تیرا۔
صورت سے مجھ کو پہچانے زمانہ آوارہ چھیلیا اناڑی دیوانہ
کیسا ہوں دل کا کسی نے نہ جانا۔ نہیں دنیا میں تیری مثال کلّو۔۔۔

نمبر ۲۔ ہم نے تجھ کو پیار کیا ہے جتنا کون کرے گا اتنا
آنکھ چرائی ٹھوکریں لگائیں دِل بھی تو نے توڑا
لاکھ چھڑایا تو نے دامن ہم نے ساتھ نہ چھوڑا
تیرے کرم کو تیرے ستم کو سہتے رہے ہم جتنا
تو ہی تو ہے ان آنکھوں میں اور نہیں کوئی دوجا
تجھ کو چاہا تجھ کو سراہا اور تجھے ہی پوجا
تیرے در کو مان کے مندر جھکتے رہے ہم جتنا
تیرے جیسا ساتھی جس میں تیرے جیسا دل ہے
لاکھ بری ہو دنیا پھر بھی جینے کے قابل ہے

تیرے سنگ جینے کی خاطر مٹتے رہے ہم جیت
کون ہے گا اتنا ہم نے تجھ کو پیار کیا

نمبر ۳۔ جمعہ کی رات ہو یا دن جمعرات کا۔ کر کے جانا گوری وعدہ ملاقات کا
پیر کی رات ہو یا دن اتوار کا۔ کیا ہے وعدہ میں نے تو سے پیار کا
یاد ہے گوری تیرا چھپ چھپ کے ملنا، دنیا کی نظروں سے بچ بچ کے چلنا
یہ نہ پوچھو پیا بیتی کیسے رتیاں کر گئی جادو تیری نیلی نیلی اکھیاں
میٹھا میٹھا درد ہے نظروں کے بار کا۔ کیا ہے وعدہ میں نے ....
جان تو کیا ہے کریں صدقے ایمان بھی، یوں نہ اکڑ گوری کہنا میرا مان بھی
جادو بھی جادو گر دیں اور بور نہ، جھوٹے بہانے کہیں اور چھوڑ نا
سجھو نہ سوالی اسے دل دلدار کا۔ کیا ہے وعدہ میں نے پیار کا
نکلو نہ گلیوں میں بن ٹھن کے گوری، ایسی ہی باتوں سے کھلتی ہے چوری
دنیا میں روکے اگر تیرے میرے رستے، آؤں گی اڑ کے پیا ملن کے واسطے
سنگ میرے تو ہے نہیں ڈر مجھے منجدھار کا۔ کیا ہے وعدہ میں نے پیا....

نمبر ۴۔ بنے تو بن جائے زمانہ دشمن
میں تیرا ہوں دولہا تو میری دلہن
دنیا نے زنجیر تو ڈالی تھی پاؤں میں
آ ہی بیٹھے ہم تیری زلفوں کی چھاؤں میں
کیا ہو نا ممکن ہو کے رہا یہ ملن
میرا دل بے چین تھا سہارے کے لئے
یہ نظر بے تاب تھی نظاروں کے لئے

محبت نے آخر اٹھا دی چلمن
میں ڈولی میں بیٹھ کے گھر آئی چاند کے
میں لایا ہوں چاندنی کو سہرا باندھ کے
نہ چوری ہی کی ہے نہ کیا ہے غبن

نمبر ۵ - ہم نے تجھ کو پیار کیا ہے جتنا کون کرے گا اتنا - ہم نے...
روئے بھی تو دل ہی دل میں محفل میں مسکرائے
تجھ سے ہی ہم تیرا یہ غم برسوں سے ہے چھپائے
پیار میں تیرے چپکے چپکے جلتے رہے ہم جتنا
تو نے ہم پر لاکھ جفا کی ہم نے ادا ہی سمجھی
تجھ سے کوئی بھول ہوئی تو اپنی خطا ہی سمجھی
سامنے تیرے یوں ہنس ہنس کے لٹتے رہے ہم جتنا
پیار پہ میرے ناز تمہیں تھا یاد کرو وہ نظارہ
ہاتھ پہ اپنے لکھ لیتے تھے جب تم نام ہمارا
تیری ادا کے بھولے پن پہ مٹتے رہے ہم جتنا

نمبر ۶ - پیا کھنچے ہوئے بندھے ہوئے چلے آئیں گے
آہوں میں ذرا اثر تو ہونے دو - شروع درد جگر تو ذرا ہونے دو
ہو کر کے سو سو بہانے آئیں گے وہ منوانے

ہم پہ ہے روٹھنے کی ابھی دِل ٹوٹنے کی
ہو ہمارے روٹھنے کی ابھی دِل ٹوٹنے کی
غلطی کو خبر تو ذرا ہونے دو۔ پیا کھنچے ہوئے ...
کیا شکایت سے ہوگا سب محبت سے ہوگا
ابھی ہے پیار یہاں یہ نہیں پہونچا وہاں
آج پوری خبر تو ذرا ہونے دو
ہو نیند آئے گی کیسے وہ بھی جاگیں گے ایسے
کہ ہے جو حال یہاں یہی پھر ہوگا وہاں
ہاں کہ ہے جو حال یہاں یہی پھر ہوگا وہاں
جو ادھر ہے ادھر تو ذرا ہونے دو پیا کھنچے ہوئے ...
نمبر ۲ - تم ستم اور کرو ٹوٹا نہیں دل یہ ابھی
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ تھیں چاہا تھا کبھی
یہ وہی ہونٹ ہیں جو گیت مرے گاتے تھے
یہ وہی گیسو ہیں جو مجھ پہ بکھر جاتے تھے
آج کیا ہوگیا کیوں ہوگئے بیگانے سبھی تم ...
اپنے خوابوں کا جہاں مجھ میں کبھی ڈھونڈا تھا
تم وہی ہو کہ کبھی تم نے مجھے پوجا تھا
دیکھتے ہو ہمیں ایسے کہ نہ دیکھا ہو کبھی
تم ستم اور کرو ٹوٹا نہیں دل یہ ابھی

نمبر ۹- جو پیار تو نے مجھ کو دیا تھا وہ پیار تیرا میں لوٹا رہا ہوں
اب کوئی تم کو شکوہ نہ ہوگا
تیری زندگی سے چلا جا رہا ہوں- جو پیار تو نے ...
ہم کو خبر بھی نہیں ہونے دی
کس موڑ پہ لا کے دل تیرنے توڑا اپنا بنا کر رہا دُور
تو ہم اوروں کے ہی جلوے ایسا نہ چھوڑا تھا
تیری جفا کا چرچا بھی کیا اپنی وفا پے شرما رہا ہوں
پیچھے نہ اب کوئی آئے گا تیرے
اب کوئی تجھ کو نہ آواز دے گا
مڑ کر کسے دیکھتا ہے میرے دل
تیرا کون ہے جو تجھے روک لیگا- ان کو مبارک زمانے کی خوشیاں
مٹتا ہے مجھ کو مٹ جا رہا ہوں۔

ختم شُد

الہ آباد پریس دہلی